رول نمبر ..................(امیدوار خود پر کرے) (تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

اردو (لازمی)

023 - فرسٹ اینول (نہم کلاس)

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز)

وقت : 20 منٹ

کل نمبر : 15

PAPER CODE = 7023

(پہلا گروپ)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | لڑکی نے قلی کو رقم دی: | (A) ایک روپیہ | (B) پانچ کا نوٹ | (C) دس روپے | (D) اٹھنی |
| 2 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے: | (A) مَدْرَسَۃ | (B) مَدرَسَۃ | (C) مَدْرِسَۃ | (D) مَدرِسَہ |
| 3 | رشید احمد صدیقی تھے: | (A) ایک شاعر | (B) ایک افسانہ نگار | (C) ایک صاحبِ طرز انشا پرداز | (D) ایک ناول نگار |
| 4 | مرزا غالبؔ کو تفتہ کا خط کہاں سے آیا تھا: | (A) کلکتہ | (B) سکندر آباد | (C) آگرہ | (D) کول |
| 5 | اسم مذکر کی فہرست ہے: | (A) ڈھولک، دیگچی | (B) شاہ رگ، شاہ سوار | (C) امانت، درخت | (D) سال، مینا |
| 6 | شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے: | (A) ٹوکری | (B) پھلواری | (C) دلکش کھیتی | (D) گٹھری |

(ورق الٹیے)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر تنقید کی : | (A) فیض احمد فیض | (B) ڈاکٹر تاثیر | (C) پطرس بخاری | (D) حمید احمد خان |
| 8 | ادا جعفری کی غزل مجموعہ کلام سے لی گئی ہے : | (A) شہر درد | (B) ساز سخن بہانہ ہے | (C) غزالاں تم تو واقف ہو | (D) میں ساز ڈھونڈتی رہی |
| 9 | ظرف زماں کی مثال ہے : | (A) دنیا، پیالی | (B) مسجد، مدرسہ | (C) رات، دن | (D) گھر، راستہ |
| 10 | اب انسان کو عرفان حاصل ہو گا : | (A) خدا تعالیٰ کا | (B) انسان کا | (C) کائنات کا | (D) ان سب کا |
| 11 | اسم صفت کی قسمیں ہیں : | 8 (A) | 6 (B) | 4 (C) | 2 (D) |
| 12 | اصطبل کو کس کا گھر کہا جاتا ہے : | (A) عجائب گھروں کا | (B) مسجدوں کا | (C) کتب خانوں کا | (D) مقبروں کا |
| 13 | علامہ محمد اقبال" کو انتقال والے دن صبح کیا پلایا گیا تھا : | (A) فروٹ سالٹ | (B) لسی | (C) شربت | (D) جوس |
| 14 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے : | (A) مُصَوِّر | (B) مُصُوَّر | (C) مُصَوَّر | (D) مُصِوَّر |
| 15 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے : | (A) چھ فٹ | (B) بالشت بھر | (C) ایک فٹ کے | (D) گز بھر |

(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2021-2023)

رول نمبر..............(امیدوار خود پُر کرے)

وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر : 60

اردو (لازمی)

023 - فرسٹ اینول (دہم کلاس)

پرچہ : II (انشائیہ طرز)

(پہلا گروپ)

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) یہ سرد و گرم، خشک و تر، اُجالا اور تاریکی — نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی

(ii) پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(iii) جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار — جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار

(iv) منزل پہ پہنچیں گے اِک دن، وہیں قیام کریں گے ہم — روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں

(حصہ غزل)

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

(vi) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شانِ رنگینیِ حسنِ چمن آرا بھی نہیں

(vii) سلسلہ، فتنۂ قیامت کا — تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) شہر میں رات دن شوروشغب رہتا ہے۔ دیہات میں کچھ عرصہ رہنے سے تبدیلی آب و ہوا بھی ہو گی اور وہاں مضمون نگاری بھی زیادہ اطمینان سے کر سکو گے۔ میں نے ایک کمرا خاص تمھارے واسطے آراستہ کروایا ہے، جس میں پڑھنے لکھنے کا سب سامان مہیا ہے۔ تھوڑے دن رہ کے چلے آنا۔ دیکھو، میری خوشی کرو۔ میں اپنے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کر سکتا تھا۔

(ورق اُلٹیے)

3۔ (ب) دراصل وہ اپنی عادت سے مجبور تھا اور اسی عادت کی وجہ سے اسے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑے تھے ، چنانچہ وہ بے کار تھا۔ اس نے دوسری ملازمت کی بہتیری کوشش کی مگر وہ اس میں کامیاب نہ ہو سکا۔ کچھ دن تک تو وہ اپنی جمع پونجی پر گزر بسر کرتا رہا لیکن جب تھوڑا تھوڑا کر کے اس کا سارا سرمایہ ختم ہو گیا تو بہت پریشان ہوا۔ اس نے نوکری اور مزدوری کے لیے سرتوڑ کوشش شروع کر دی کہ کہیں فاقوں کی نوبت نہ آ جائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟ (ii) مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟ (iv) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا؟ (vi) شاعری میں میرانیس کی وجہِ شہرت کیا ہے؟

(vii) فاطمہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟ (viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی۔ (ii) علی بخش۔ 5

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) یومِ آزادی۔ (ii) مرزا اسداللہ غالب۔ (iii) وقت کی پابندی۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے ، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات : (i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ (iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔